Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(جلد ۱۹) مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۳ رجمادی الثانی ۱۳۵۶ھ مطابق ۲۱ راگست ۱۹۳۷ء

حصہ اوّل

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

(۱) تبدیلی وقت جملہ دفاتر و عدالت ہائے ریاست — ۲

(۲) سبکدوشی کپتان الطاف احمد خاں صاحب جیلر و تقرری منشی فضل الرحمٰن خاں صاحب (نائب جیلر) — ״

(۳) منظوری الاؤنس کارکردگی، فیروزی بیگم صاحبہ اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر

(۴) توسیع مدت امتحانی ڈاکٹر شہناز تقدیس ہسٹی اسٹیٹ ہیلتھ آفیسر

(۵) منظوری آسامیان جدید برائے باورچیخانہ انگریزی دکنوتخانہ

(۶) تقرر منشی محبوب شاہ خاں (بعہدہ محرر خوراک جیل)

(۷) منظوری قائمی آغاز مدت ملازمت امجد عارضی ٹرینڈ نرس (از ۸ رمئی ۱۹۳۵ء بجائے یکم اپریل ۱۹۳۵ء)

(۸) منظوری آسامیان جدید و اضافہ جات متعلق ریونیو ڈپارٹمنٹ۔

متفرق آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۰ر اگست میں باتفاق آرا

طے پایا کہ:-

بوجہ کثرت بارش اب گرمی میں کمی ہے اور موسم تبدیل ہو رہا ہے

لہذا ۲۲ر اگست ۱۹۳۶ء سے جملہ دفاتر و عدالتہائے ریاست

کا وقت ۷ بجے سے ۱۲ بجے تک کے بجائے ۸ بجے سے ۲ بجے تک

تبدیل کیا جانا منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات

متعلق سبکدوشی کپتان الطاف اللہ خاں صاحب جیلر سلسلہ واپسی

منشی فضل الرحمن خاں نائب جیلر از ٹریننگ پیش ہو کر واضح ہوا کہ حسب الحکم

اجلاس ہمایوں رقمزدہ ۱۰ر اپریل ۱۹۳۶ء کپتان الطاف اللہ خاں صاحب

کے نوٹس تین ماہ کی مدت ختم ہو چکی ہے۔ اس لئے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر

جیل نے کپتان صاحب مذکور کو خدمات سے سبکدوش کئے جانے

اور منشی فضل الرحمن خاں صاحب نائب جیلر کو بعہدہ جیلر مقرر کئے جانے

کی استدعا کی ہے۔

طے پایا کہ:-

نوج میں پچپن سال ... کی عمر ... ملازمت ... [illegible]

کی ہی ہو۔ لیکن اٹھارہ سال فوجی خدمات انجام دے چکا ہو۔

اور مزید ملازمت فوجی کے قابل ہو تو اسکو شمار کیا جاسکتا ہے۔

چونکہ کپتان الطاف اللہ خاں صاحب انڈین آرمی کے پنشن یافتہ

ہیں۔ اور ریاست ہذا میں تیرہ سال سے کچھ زیادہ ملازمت کر چکے

ہیں۔ اسلئے اب وہ فوجی خدمات کے قابل نہیں رہے۔ لہذا

انکو خدمات سے سبکدوش کیا جاتا ہے۔ اور انکی بجائے بعہدہ جیلر

منشی فضل الرحمن خاں صاحب کو مقرر کیا جاتا ہے۔ جابجا کی

حسب قاعدہ کارروائی کیجائے۔ تنخواہ و گریڈ کے بارہ میں جداگانہ

کاغذات زیر دوران ہیں۔ جن پر علیحدہ حکم ہوگا۔ کپتان الطاف اللہ خاں کے

معروضہ بابت عطائے پنشن یا گریجوٹی کے متعلق کاغذات زیر دوران

ہیں۔ ان پر حکم بعد میں ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل۔ واقع ۱۵ر اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ر اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات

عطائے الاؤنس کارکردگی بزمانہ رخصت عائشہ حبیبہ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ

از ۱۰ر مئی ۱۹۳۶ء بہ فیروزہ بیگم اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر پیش ہو کر

طے پایا کہ:-

حسب اتفاق صیغہ فائنانس بزمانہ رخصت عائشہ لیڈی ڈاکٹر صاحبہ

میں فیروزہ بیگم اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر کو فی ... روپیہ ماہوار الاؤنس

کارکردگی بحبٹ میڈیکل ڈپارٹمنٹ کی مدالاؤنس سے دلایا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات توضیع ایکسال بہ مدت امتحانی ڈاکٹر شمبوناتھ وستی اسٹیٹ ہیلتھ افسیر بشاہرہ دو سو پچاس روپیہ الاؤنس پچاس روپیہ ماہانہ ۱۰ جولائی ۱۹۳۶ء سے پیش ہو کر طے پایا کہ

ڈاکٹر شمبوناتھ وستی اسٹیٹ ہیلتھ افسیر کی مدت ملازمت میں ۱۰ جولائی ۱۹۳۶ء سے امتحاناً ایکسال کی توسیع بشاہرہ والاؤنس موجودہ منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات متعلق منظوری انتظامی ایک اسم ہاؤس کیپر بشاہرہ دار الکیورہ جدید ہاسپٹل کلرک انگریزی دواں بشاہرہ ۔/۵ روپیہ فی کس بجائے دو اسسٹنٹ کلرک بشاہرہ دواں ۔/۳ روپیہ فی کس در شفاخانہ انگریزی وکٹوریا نانہ مندرجہ بجٹ سال رواں پیش ہو کر طے پایا کہ

شفاخانہ انگریزی میں ایک آسامی جدید ہاؤس کیپر بشاہرہ وکٹوریہ بجائے موجودہ اسسٹنٹ کلرک بشاہرہ ۔/۵ روپیہ کے ایک اسسٹنٹ کلرک بشاہرہ ۔/۵ روپیہ۔ اور کنولیانہ میں بجائے اسسٹنٹ کلرک کی

موجودہ بشاہرہ ۔/۳ روپیہ کے ایک اسسٹنٹ کلرک انگریزی دواں بشاہرہ ۔/۵ روپیہ کی انتظامی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات منظوری تقرر محبوب شاہجہاں انٹرنس پاس بشاہرہ ۔/۲۰ روپیہ از یوم کارکردگی بر آسامی محرر خوراک محکمہ جیل پیش ہو کر واضح ہوا کہ محکمہ جیل میں محرر خوراک بشاہرہ دار ۔/۲۰ روپیہ کی آسامی خالی ہے۔ جیل میں کوئی انگریزی کلرک نہیں ہے۔ محبوب شاہجہاں کے لئے اسسٹنٹ کلرک کے ابتدائی گریڈ کی تنخواہ ۔/۳۰ روپیہ ماہانہ کم ظاہر کیگئی ہے اور ۔/۲۰ روپیہ پر آرزو دواں کے تقرر کی صورت میں ایک انگلش کلرک کی مزید ضرورت کا اظہار کیا گیا ہے۔ لہذا طے پایا کہ

محبوب شاہجہاں انٹرنس پاس کا تقرر محرر خوراک جیل کی خالی آسامی پر بشاہرہ ۔/۲۰ روپیہ یوم کارکردگی سے بصورت خاص منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فارعالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور۔ واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات قائمی میعاد ملازمت چند ماہ اہلمد عارضی برائے ترتیب میعاد بشاہرہ ۔/۱۵ روپیہ چند ماہ مئی ۱۹۳۶ء تا ستمبر ۱۹۳۶ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ حکم کونسل مورخہ ۲۸ مئی ۱۹۳۶ء سے ایک اہلمد کا عارضی تقرر بکم جون سے چند ماہ کیلئے منظور ہوا تھا لیکن تقرر بعد ملاحظہ عارضی تقرر کیا گیا ...

سے ہوا لہذا بلحاظ تاریخ تقرر میعاد قائم ہونے کی ضرورت ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز عالیمرتبت صاحب فنانس منسٹر بہادر المد مذکور کی مدت ملازمت چھ ماہ کا آغاز یکم اپریل کی بجائے تاریخ تقرر ۲۰ مئی ۱۹۳۶ء سے کیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو اصل مسل ابتدائی سررشتہ صدر سے محافظ خانہ کو واپس کیجائے۔

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری تہا اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور:- (واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء)

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات متعلق منظوری انتظامی جدید تجاویز ریونیو ڈپارٹمنٹ مندرجہ ذیل از یکم مئی ۱۹۳۶ء پیش ہوئے۔

(۱) ریونیو آفس۔ چار پٹواریان مستقل فی کس ۱۵ روپیہ ماہانہ و تین پیداواریان غیر مستقل فی کس ۱۵ روپیہ ماہانہ۔

(۲) نظامت شمالی۔ ایک اسم سائیکل سوار بشاہرہ نو روپیہ۔

(۳) حضور تحصیل شاہ آباد، ملک، بلاسپور — ایک ایک اسم نائب واصل باقی نویس غیر مستقل بشاہرہ ۱۵ روپیہ فی کس برائے چار تحصیلات۔

(۴) متفرقات عام صیغہ مال۔ الاؤنس پانچ کس سائیکل سواران ڈاک رسانی تحصیلات بحساب ایک روپیہ ماہانہ فی کس۔

(۵) ایگریکلچر۔ ایک آسامی اسسٹنٹ کلرک بشاہرہ ۱۵ روپیہ

(۶) گھوڑا کمال۔ اضافہ گشتائیں سیٹ بحساب ۶ روپیہ ماہانہ بمنظوری معمدہ چودھری

(۷) ڈیولپمنٹ واٹر سپرنٹنڈنٹ ایک آسامی اسسٹنٹ کلرک بشاہرہ ۲۵ روپیہ

(۸) اسکول پٹواریان و ٹریننگ ضلعداران۔ مدرس اول بشاہرہ تیس ۳۰ روپیہ برائے دس ماہ۔

مدرس دوم بشاہرہ ۲۵ روپیہ برائے دس ماہ

ایک سپروائزر انسٹرکٹر بشاہرہ ۱۵ روپیہ برائے چھ ماہ

ایک چپراسی بشاہرہ ۸ روپیہ برائے دس ماہ۔

ایک آبکش بشاہرہ ۶ روپیہ برائے دس ماہ۔

ایک خاکروب بشاہرہ ۴ روپیہ برائے دس ماہ۔

ایک چپراسی برائے تقسیم ڈاک وغیرہ متعلق ٹریننگ ضلعداران بشاہرہ ۸ روپیہ برائے چھ ماہ۔

طے پایا کہ:-

یکم مئی ۱۹۳۶ء سے حسب صراحت بالا جدید آسامیوں اور اضافوں کی انتظامی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری تہا اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور:- (واقع ۱۲ اگست ۱۹۳۶ء)

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ اگست ۱۹۳۶ء میں کاغذات منظوری انتظامی آسامی جدید اسٹینوگرافر برائے دفتر اجلاس ہمایوں بشاہرہ اسی روپیہ منظور شدہ بجٹ سال رواں پیش ہوکر طے پایا کہ:-

دفتر اجلاس ہمایوں میں بشاہرہ اسی روپیہ ایک جدید آسامی اسٹینوگرافر کی قائمی کی انتظامی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری تہا اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور:- مورخہ ۱۵ راگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ راگست ۱۹۳۶ء میں تجویز

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر متعلق منظوری مدت ایک ماہ برائے تحریک متعلقہ الاؤنس کارکردگی بجائے ایکہفتہ منظور شدہ کونسل بحکم ۱۲ رجون ۱۹۳۶ء پیش ہوکر واضح ہوا کہ حکم مذکور میں صراحت ہے کہ "اگر کسی ملازم سرکار کو اپنے عہدہ کے فرائض کے علاوہ کوئی دوسرا کار سرکار بھی انجام دینا پڑے۔ تو اُسکے متعلق حکم میں بحث قواعد الاؤنس کا ذکر ہونا چاہیئے۔ اور اگر حکم میں الاؤنس کی صراحت نہ ہو تو ملازم مذکور کو تاریخ حکم سے ایکہفتہ کے اندر الاؤنس کی استدعا کا حق ہوگا۔ ایکہفتہ کی مدت کے بعد اس کے معروضہ پر غور نہ کیا جاسکیگا۔"

سیکریٹری فائنانس کی تحریک ہے۔ کہ اجرائے احکام میں چند روز صرف ہوتے ہیں اور تحصیلات کے ملازمان کو اطلاع ہونے میں ایکہفتہ سے بھی زائد مدت گزر جاتی ہے۔ اسلئے ایکماہ کی مدت مناسب ہوگی۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز۔ حکم کونسل مورخہ ۱۲ رجون ۱۹۳۶ء میں بجائے ایکہفتہ کے ایک ماہ کی ترمیم کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور:- مورخہ ۱۶ راگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ راگست ۱۹۳۶ء میں تجویز

عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بابت منظوری ایک آسامی جدید اکاؤنٹنٹ مشاہرہ دار خ؁ روپیہ برائے اجلاس صاحب موصوف پیش ہوکر طے پایا کہ

(۱) حسب اتفاق فائنانس۔ دفتر عالیمرتبت جناب چیف منسٹر بہادر کے لئے ایک جدید آسامی اکاؤنٹنٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔

(۲) چونکہ آسامی مذکور پر عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر تعمیرات و پبلک ورکس نے منشی زاہد حسین صاحب اکاؤنٹنٹ تعمیرات مشاہرہ دار سا؁ روپیہ کے تبادلہ سے اتفاق کر لیا ہے لہذا نامبردہ کا تبادلہ محکمہ تعمیرات سے دفتر عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر میں بمشاہرہ موجودہ منظور ہے۔

(۳) اب بجائے پچاس روپیہ کے ساٹھ روپیہ ماہانہ کا انتظام بجٹ اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی مد زر رو یا دیگر مدات کی گنجایش سے بذریعہ منتقلی بہ مشاہرات ہوگا۔ جس سے کونسل کو اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور:- مورخہ ۱۶ راگست ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۱ راگست ۱۹۳۶ء میں تجویز

عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بابت منظوری للعہ؁ ماہانہ موٹر الاؤنس مسٹر عبد الرحمن خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس از یوم چارج سرکل پیش ہوکر واضح ہوا کہ سیکریٹری پولیس کی تحریک ہے کہ مسٹر عبد الرحمن خاں جس تاریخ سے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے سرکل کا چارج بحیثیت ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس لیں گے۔ انکو سواری رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ لہذا للعہ؁ روپیہ ماہانہ موٹر الاؤنس صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس کے نام سے مسٹر عبد الرحمن خاں کے نام منتقل کیا جائے۔

سیکریٹری فائنانس نے اس امر کا اظہار کرتے ہوئے کہ سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر پولیس موٹر الاؤنس شہر کے لئے پا رہے ہیں۔ جو موصوف کی شرائط تقرر کے مطابق ہے۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس دیہات کو کس ضرورت

سے مستقل موٹر الاؤنس کی ضرورت ہوگی" اتفاق کیا ہے۔ کہ
بیس روپیہ ماہانہ موٹر سائیکل الاؤنس تا زمانہ انجام دہی خدمات
متذکرہ۔ مسٹر عبدالرحمن خاں کو دلایا جائے۔

طے پایا کہ:-
یکم مئی ۱۹۳۳ء سے مسٹر عبدالرحمن خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو
بیس روپیہ ماہانہ کنوینس الاؤنس شہر کے کام کے لئے دلایا جانا منظور۔

حکم ہوا کہ
حسب تجویز صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری اسٹیٹ کونسل